مسافرانِ آخرت

☆ حضرت مولانا مفتی مقبول احمد رحمہ اللہ: ۲۵؍مارچ ۲۰۰۳ء کو گلاسگو (برطانیہ) میں انتقال فرما گئے۔ جامعہ رشیدیہ ساہی وال کے سابق استاد اور عالم باعمل تھے مجلس احرار اسلام کے امیر حضرت پیر جی سید عطاء المہیمن بخاری کے بھی استاد تھے۔ طویل عرصہ سے تبلیغِ اسلام کے سلسلے میں گلاسگو میں مقیم تھے۔ اُن کی دینی خدمات نا قابلِ فراموش ہیں۔

☆ مولانا منظور احمد نعمانی رحمہ اللہ: طاہر والی ضلع بہاول پور کی معروف شخصیت اور ایک دینی مدرسہ میں شیخ الحدیث کی مسند پر فائز تھے۔ اپنی علمی، دینی، سماجی اور سیاسی خدمات کے حوالے سے وہ ہر دل عزیز تھے۔ ان کے شاگردوں کی تعداد سیکڑوں پر مشتمل ہے۔ خواص و عام میں ان کا بے پناہ احترام تھا۔

☆ ہمشیر مرحومہ حکیم محمد ذوالقرنین: ردِّ قادیانیت کے ماہر حضرت مولانا حبیب اللہ امرتسریؒ کی بڑی بیٹی اور مجلس احرارِ اسلام لاہور کے بزرگ کارکن حکیم محمد ذوالقرنین کی ہمشیر ۲۸؍محرم ۱۴۲۴ھ، مطابق یکم اپریل ۲۰۰۳ء کو انتقال کر گئیں۔ مرحومہ، حزب الانصار بھیرہ کے سابق امیر مولانا افتخار احمد بگویؒ کی اہلیہ اور صاحبزادہ انوار احمد بگوی، جناب ابرار احمد بگوی، جناب محمد ابوبکر بگوی اور ماہنامہ "شمس الاسلام" بھیرہ کے مدیر صاحبزادہ لمعات احمد بگوی کی والدہ ماجدہ تھیں۔

☆ جناب ساجد صدیق مرحوم: جناب اورنگزیب اور جہانزیب (وہاڑی) کے والد اور حافظ صفوان محمد کے تایا، پروفیسر عابد صدیق مرحوم اور شاہد صدیق مرحوم کے بڑے بھائی تھے۔ تمام عمر تبلیغ اسلام میں گزاری۔ نہایت متقی اور شب زندہ دار انسان تھے۔ ۱۸؍اپریل جمعۃ المبارک کو انتقال ہوا۔

☆ والدہ مرحومہ ڈاکٹر محمد سلیم سلیمی (ملتان چھاؤنی)

☆ پروفیسر عبدالرؤف مرحوم (چچا روحانی شیر انصاری، ملتان)

☆ محمد صفدر مرحوم: حافظ رب نواز (مدرس مدرسہ معمورہ، ملتان) کے جواں سال بھانجے

☆ میاں احمد بخش مرحوم (سابق سالارِ احرار، جھنگ)

☆ والد مرحوم چودھری عبدالجبار صاحب (مدرسہ معمورہ ملتان کے معاون)

☆ ممتاز صحافی عبداللہ ملک

قارئین سے درخواست ہے کہ تمام مرحومین کے لیے دعائے مغفرت اور ایصال ثواب کا اہتمام فرمائیں۔ ادارہ نقیب ختم نبوت کے اراکین دعا گو ہیں۔ اللہ تعالیٰ مرحومین کی مغفرت اور درجات بلند فرمائے اور لواحقین کو صبر جمیل عطا فرمائے۔ (آمین)